انوار صدیقی الہ آبادی

جشن آزادی

اک طرف بیسن کی روٹی اور لاہوری نمک
کیک اور بسکٹ اڑایا جا رہا ہے اک طرف

اک طرف اُجڑی ہوئی سنسان بستی کا سماں
رنگ محفل کا جمایا جا رہا ہے اک طرف

اک طرف ہے دعوتوں میں شیر مال اور قورما
بھوکے پیاسوں کو سلایا جارہا ہے اک طرف

اک طرف تپتا ہوا فٹ پاتھ ہے، فاقے بھی ہیں
توند پر مکھن لگایا جا رہا ہے اک طرف

اک طرف ساقی ہے، مے ہے اور برہنہ رقص ہے
چیتھڑوں سے تن چھپایا جا رہا ہے اک طرف

اک طرف دستِ غریباں اور پیسوں کی صدا
چاندی اور سونا اڑایا جا رہا ہے اک طرف

اک طرف مظلوم و بیکس چیخیں اور آہ و بکا
جشن آزادی منایا جا رہا ہے اک طرف